فوری ریلیز کے لیے: 5/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا کہ EMPIRE AI BETA اب مکمل طور پر آن لائن ہے جبکہ وفاقی حکومت ریاستی اور علاقائی AI کے بنیادی ڈھانچے کے مراکز قائم کرنے کے لیے نیو یارک سے رہنمائی حاصل کر رہی ہے

نیو یارک کا نیا $40 ملین کا سپر کمپیوٹر ریاست بھر کے محققین کو عالمی معیار کی AI کمپیوٹنگ صلاحیت تک رسائی فراہم کرتا ہے

نیو یارک کا Empire AI علاقائی AI تحقیقی بنیادی ڈھانچہ قائم کرنے کے لیے نیشنل سائنس فاؤنڈیشن کے نئے اقدام کے لیے ایک ماڈل ثابت ہوا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ Empire AI Beta باضابطہ طور پر آن لائن ہو گیا ہے، جس سے نیو یارک کی ممتاز سرکاری اور نجی یونیورسٹیز کے محققین کو ملک کے سب سے طاقتور تعلیمی تحقیقی کمپیوٹر تک رسائی حاصل ہو گئی ہے اور یہ مفادِ عامہ کے لیے ذمہ دارانہ مصنوعی ذہانت کے شعبے میں ملک کی قیادت کرنے کے حوالے سے نیو یارک کی کوشش میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) اور کنسورشیم کے شراکت داروں کے زیرِ اہتمام تشکیل دیا گیا، Empire AI اقدام پہلے ہی مفادِ عامہ میں AI کے استعمال کے لیے ایک قومی ماڈل کے طور پر کام کر رہا ہے۔ وفاقی نیشنل سائنس فاؤنڈیشن (National Science Foundation, NSF) نے اپنے نئے ریاستی اور علاقائی AI کے بنیادی ڈھانچے کے مراکز (State and Regional AI Infrastructure Hubs) کے اقدام کے ذریعے علاقائی AI کے بنیادی ڈھانچے اور مشترکہ تحقیقی صلاحیت کی معاونت کے لیے ایک بڑی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے، جبکہ Empire AI پہلے ہی عالمی معیار کی تحقیق کو تقویت دے رہا ہے اور ریاست بھر کے ماہرینِ تعلیم، طلبہ اور کمیونٹیز کو خدمات فراہم کر رہا ہے۔

"ریاست نیو یارک نے Empire AI اس لیے قائم کیا تاکہ یہ دکھایا جا سکے کہ مصنوعی ذہانت کو مفادِ عامہ کے لیے تیار کیا جا سکتا ہے اور یہ کہ Empire AI Beta کے باضابطہ طور پر آن لائن ہونے کے ساتھ، نیو یارک اپنے محققین کو ملک کا سب سے طاقتور تعلیمی AI تحقیقی کمپیوٹر فراہم کر رہا ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "نیشنل سائنس فاؤنڈیشن کے نئے مراکز بھی Empire AI کے اسی بنیادی اصول پر قائم ہیں کہ جب حکومت، جامعات، فلاحی ادارے اور صنعت مل کر کام کریں تو وہ غیرمعمولی نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔"

Empire AI بورڈ کے چیئرمین Tom Secunda (ٹام سیکنڈا) نے کہا، "Empire AI ملک کو یہ دکھا رہا ہے کہ حکومت، تحقیقی ادارے اور فلاحی شعبے کے پُرعزم شراکت دار مل کر کیا کچھ تعمیر کر سکتے ہیں: یعنی ایک ایسا سائنسی اثاثہ جسے کوئی ایک ادارہ تنہا تخلیق نہیں کر سکتا، اور جو مفادِ عامہ کو آگے بڑھاتا ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت اور وژن کی بدولت، نیو یارک اس بات کا معیار قائم کر رہا ہے کہ امریکہ محققین کے ہاتھوں محققین کے لیے AI کا بنیادی ڈھانچہ کس طرح قائم کر سکتا ہے اور اسے برقرار رکھ سکتا ہے۔"

SUNY کے چانسلر John B. King Jr. (جان بی کنگ جونیئر) نے کہا، "Empire AI Beta گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت اور ریاست نیو یارک کے اعلیٰ تعلیمی نظام کی اس قوت کا ثبوت ہے کہ وہ AI کے استعمال میں رہنمائی کرتے ہوئے ایسی تحقیق میں تیزی لا سکتے ہیں جو جانیں بچاتی ہے اور ہماری کمیونٹیز کو مضبوط بناتی ہے۔ Empire AI کی بدولت، SUNY کے محققین نگہداشتِ صحت، تحفظِ عامہ اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز جیسے

شعبوں میں ہر روز پیش رفت کر رہے ہیں اور ساتھ ہی ذمہ دارانہ ماحولیاتی نگہداشت کا عملی مظاہرہ بھی کر رہے ہیں۔"

CUNY کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez (فیلکس وی ماٹوس روڈریگز) نے کہا، " Empire AI Beta سرکاری اعلیٰ تعلیم کے لیے ایک عظیم پیش رفت کی نمائندگی کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ عالمی معیار کی کمپیوٹنگ کی صلاحیت صرف ٹیکنالوجی کی بڑی کمپنیوں تک محدود نہ رہے بلکہ براہِ راست ہمارے متنوع طلبہ، فیکلٹی اور اسکالرز کے ہاتھوں میں پہنچے۔ CUNY اور ہمارے شراکت دار اداروں میں جدید ترین AI کے بنیادی ڈھانچے تک رسائی کو عام کرتے ہوئے، نیو یارک ایسی تحقیق کے لیے ایک قومی معیار قائم کر رہا ہے جو سماجی ترقی، اخلاقی جدت اور ان کمیونٹیز کے لیے حقیقی دنیا کے حل کو فروغ دیتی ہے جن کی ہم خدمت کرتے ہیں۔"

Empire AI کے ریسرچ کمپیوٹنگ ڈائریکٹر Kiran Keshav (کرن کیشو) نے کہا، "Beta کو فعال کرنا Empire AI اور نیو یارک بھر میں علمی تحقیق کے لیے ایک بڑی پیش رفت ہے۔ وہ محققین جو پہلے کمپیوٹنگ صلاحیت تک محدود رسائی کے باعث رکاوٹوں کا سامنا کرتے تھے، اب زیادہ بڑے سوالات اٹھا سکتے ہیں، زیادہ جرأت مندانہ خیالات کو آزما سکتے ہیں اور نظریے سے دریافت تک زیادہ تیزی سے آگے بڑھ سکتے ہیں۔ طبی تشخیص اور موسمیاتی ماڈلنگ سے لے کر زیادہ محفوظ بنیادی ڈھانچے اور زیادہ قابلِ اعتماد AI نظاموں تک، یہ نظام نیو یارک کے محققین کو ایسا کام کرنے میں مدد دے گا جو بصورتِ دیگر ممکن نہ ہوتا۔"

ریاستی سینیٹر April N.M. Baskin (اپریل این ایم باسکن) نے کہا، "ملک کے سب سے طاقتور علمی تحقیقی کمپیوٹر کا یونیورسٹی ایٹ بفلو (University at Buffalo) میں موجود ہونا مغربی نیو یارک کے لیے ایک غیرمعمولی کامیابی ہے۔ Empire AI طلبہ اور محققین کے لیے انقلابی دریافتوں کی قیادت کرنے کے مواقع میں توسیع لائے گا جبکہ اس بات کو بھی یقینی بنائے گا کہ مصنوعی ذہانت کو ذمہ دارانہ انداز میں اور مفادِ عامہ کے لیے تیار کیا جائے۔ مجھے اس بات پر فخر ہے کہ یونیورسٹی ایٹ بفلو اس کوشش کا محور ہے اور Empire AI کی مسلسل ترقی کے ساتھ نیو یارک کے تمام شہریوں کے فائدے کے لیے AI کے مستقبل کی تشکیل میں مدد دے رہی ہے۔"

ریاستی سینیٹر Jeremy Zellner (جیریمی زیلنر) نے کہا، "جدت اور ذمہ داری ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ Empire AI یہ ظاہر کرتا ہے کہ نیو یارک عوامی تحقیق میں سرمایہ کاری، اپنی یونیورسٹیز کی معاونت، اور اس امر کو یقینی بناتے ہوئے مصنوعی ذہانت کے شعبے میں دنیا کی قیادت کر سکتا ہے کہ یہ ٹیکنالوجیز ایسے طریقوں سے تیار ہوں جو سب کے لیے فائدہ مند ہوں۔ میں اس سرمایہ کاری کو ممکن بنانے میں گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت اور نیو یارک کو AI جدت کے صفِ اوّل میں لانے پر انہیں سراہتا ہوں۔"

اسمبلی کی اکثریتی رہنما Crystal Peoples-Stokes (کرسٹل پیپلز-اسٹوکس) نے کہا، "مجھے Empire AI Beta کے آن لائن ہونے پر بے حد خوشی ہے۔ نیو یارک میں ایسے چیلنجز کی کمی نہیں جن میں Empire AI سماجی مسائل سے نمٹنے کے لیے تجزیاتی حل پیش کر سکتا ہے۔ اس وقت 300 سے زیادہ پروجیکٹس قطار میں موجود ہیں اور میں تحقیق اور اعلیٰ تعلیم کے میدان میں اپنے شراکت داروں کے ذریعے Empire AI کو عملی طور پر کام کرتے دیکھنے کی منتظر ہوں اور مجھے Empire AI کی اس صلاحیت پر بھی پورا اعتماد ہے کہ وہ گورنر Hochul (ہوکل)، ان کی انتظامیہ اور ریاستی مقننہ کو ریاست نیو یارک کے وسیع تر مفاد میں مؤثر قیادت کو عملی جامہ پہنانے میں مدد دے سکتا ہے۔"

اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک ایٹ بفلو میں قائم کردہEmpire AI Beta جو 40$ ملین مالیت کا NVIDIA سے تقویت یافتہ ایک سپر کمپیوٹر ہے، ریاست نیو یارک بھر کے علمی محققین کے لیے دستیاب کمپیوٹنگ صلاحیت میں نمایاں اضافہ کرتا ہے۔ یہ نظام کنسورشیم کے 2024 میں شروع کیے گئے ابتدائی نظام، یعنی Empire AI Alpha کے مقابلے میں AI کی تربیتی صلاحیت میں 11 گنا اضافہ، AI انفرنس میں 40 گنا بہتری اور ڈیٹا اسٹوریج میں 8 گنا توسیع فراہم کرتا ہے۔ 300 سے زیادہ تحقیقی پروجیکٹس پہلے ہی اس نظام کے استعمال کے لیے قطار میں موجود ہیں

اور Beta نگہداشتِ صحت، موسمیاتی سائنس، جدید مینوفیکچرنگ، تعلیم، سائبر سیکیورٹی، تحفظِ عامہ اور دیگر ایسے شعبوں کے کام میں تیزی لائے گا جو نیو یارک کے شہریوں کو براہِ راست فائدہ پہنچاتے ہیں۔

Beta کا آغاز Empire AI کی مرحلہ وار توسیع میں اگلے بڑے قدم کی نمائندگی کرتا ہے۔ Alpha، جو کنسورشیم کا ابتدائی نظام ہے اور سائمنز فاؤنڈیشن (Simons Foundation) کی فلاحی معاونت سے ممکن ہوا، نیو یارک بھر میں پہلے ہی 130 سے زیادہ تحقیقی پروجیکٹس اور سینکڑوں محققین کی معاونت کر چکا ہے۔ Beta اب صلاحیت میں ایک انقلابی اضافہ فراہم کرتا ہے، جبکہ یونیورسٹی ایٹ بفلو میں Empire AI کی مستقل اور مکمل گنجائش کی Gamma سہولت گاہ کی تعمیر جاری ہے، جس کی تکمیل 2027 کے اختتام تک متوقع ہے۔

تکمیل کے بعد، Gamma سہولت گاہ ملک کا توانائی کے استعمال کے لحاظ سے سب سے مؤثر، اعلیٰ طاقت کا کمپیوٹنگ مرکز بھی ہو گی۔ یونیورسٹی ایٹ بفلو کے بند چکر دار نظام پر مبنی حرارتی توانائی کے نیٹ ورک کی توسیع کے ساتھ ضم ہونے کے ذریعے، Empire AI کے عمل سے پیدا ہونے والی حرارت کیمپس کی عمارتوں کو گرم کرنے کے لیے استعمال ہو گی، جس سے یونیورسٹی کی نیٹ زیرو اہداف حاصل کرنے کی صلاحیت میں نمایاں بہتری آئے گی۔

Empire AI کے رکن اداروں میں اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک (State University of New York)، سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک (City University of New York)، کولمبیا یونیورسٹی (Columbia University)، کارنیل یونیورسٹی (Cornell University)، نیو یارک یونیورسٹی (New York University)، رینسیلیئر پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوٹ (Rensselaer Polytechnic Institute)، یونیورسٹی آف راچیسٹر (University of Rochester)، راچیسٹر انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (Rochester Institute of Technology)، ماؤنٹ سینائی کا آئیکان اسکول آف میڈیسن (Icahn School of Medicine at Mount Sinai) اور سائمنز فاؤنڈیشن کا فلیٹ آئرن انسٹی ٹیوٹ (Flatiron Institute at the Simons Foundation) شامل ہیں۔

گورنر نے اپنے 2024 کے اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ خطاب میں Empire AI کا اعلان کیا تھا تاکہ اسٹیٹ یونیورسٹی ایٹ بفلو میں جدید ترین مصنوعی ذہانت کا ایک مرکز قائم کیا جا سکے، جسے نیو یارک کے ممتاز ادارے ذمہ دارانہ تحقیق و ترقی کو فروغ دینے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے، اور مفادِ عامہ پر مرکوز AI کے نئے مواقع کے دروازے کھولنے کے لیے استعمال کریں۔ Empire AI Beta کے مکمل طور پر آن لائن ہونے کے ساتھ، نیو یارک پہلے ہی وہ کمپیوٹنگ صلاحیت، ادارہ جاتی شراکت داری اور تحقیقی گنجائش فراہم کر رہا ہے جسے NSF ہو بہو اسی طرز پر قائم کرنا چاہتی ہے۔

Empire AI کو عوامی اور نجی فنڈنگ کی مد میں 500$ ملین سے زائد کی قوت ملی ہے، اور یہ 10 رکن یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں پر مشتمل ہے۔ مئی 2025 میں، گورنر Hochul (ہوکل) نے فنڈنگ حاصل کی تاکہ البنی، بنگھیمٹن، بفلو اور اسٹونی بروک میں واقع اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے اداروں کے محققین کی رسائی کو وسعت دی جا سکے، نیز یونیورسٹی آف راچیسٹر، راچیسٹر انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی اور ماؤنٹ سینائی کے آئیکان اسکول آف میڈیسن سمیت نئے اراکین کو شامل کرنے میں معاونت کی جا سکے۔ وہ Empire AI کے ان سات بانی اراکین کے ساتھ شامل ہو گئے ہیں: CUNY، SUNY، کولمبیا یونیورسٹی، کارنیل یونیورسٹی، نیو یارک یونیورسٹی، رینسیلیئر پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوٹ اور فلیٹ آئرن انسٹی ٹیوٹ۔

گورنر Hochul (ہوکل) نے اپنے 2026 کے سٹیٹ آف دی سٹیٹ ایجنڈا میں Empire AI Beta کے آغاز کی تجویز پیش کی، جس سے Empire AI کی کارکردگی کی رفتار اسکی سابقہ کارکردگی سے 11 گنا بڑھ جائے گی اور اسکے نتیجے میں دنیا کا سب سے جدید ترین اور طاقتور ترین تعلیمی سپر کمپیوٹر بن جائے گا۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے آج اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک ایٹ بنگھیمٹن کے لیے تاریخ کے ریکارڈ توڑ تحفے کا اعلان بھی کیا، جس کے توسط سے بنگھیمٹن یونیورسٹی میں یونیورسٹی سطح کی AI تحقیق کا Center for AI Responsibility and Research نامی مرکز تخلیق کیا جائے گا جو پورے امریکہ میں اپنی نوعیت کا پہلا خودمختار مرکز ہوگا۔ 30$ ملین کا فلاحی عطیہ، جو یونیورسٹی کی تاریخ کا سب سے بڑا تعلیمی عطیہ ہے، SUNY کی جانب سے 25$ ملین کی تحقیقی سرمایہ کاری کے ساتھ منسلک ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔